# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Test

Q1. مادری محرکات پر نوٹ لکھیں.

**Ans 1:** اس محرک کا تعلق ماں کا کردار کے ساتھ ہے، حیاتیاتی لحاظ سے مادرانہ محرک کا تعلق پر پرولیکٹین رطوبت کے اخراج سے ہے کو چھاتی کے غدود کو برانگخیت کرتا ہے اور نوازائیدہ بچوں کے لیے دودھ فراہم کرتا ہے،بچوں کی نمو کے حوالے سے تحقیقات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ محرک بچوں میں پیدائش کے ساتھ موجود ہوتا ہے.

---

Q2. سپئیر مین کا ذہانتی ماڈل تحریر کریں.

**Ans 1:** سپئیر مین کے ذہانتی ماڈل کے مطابق فرد ایک سے زیادہ ذہانتی کاموں میں یا ماحول یا بہت سی ذہنی کاموں سے اوسطاً اچھی کارگردگی دکھا تا ہے.

---

Q3. تحصیلی محرکات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** تحصیک محرک سبقت لے جانے کی ضرورت کا دوسرانام ہے.اس محرک کا وجود ابتدائی بچپن سے ہی پایا جاتا ہے.بہن بھائیوں میں مطابقت اور رشک تحصیل محرک کی غمازی کرتے ہیں.

---

Q4. حصول کا محرک کیا ہے؟

**Ans 1:** کسی پر سبقت لے جانے کی خواہش ہونا حصول کا محرک کہلاتا ہے.بہن بھائیوں میں مسابقت اور رشک حصول کے محرک کی غمازی کرتے ہیں.وراثتی سماجی اور ذاتی اسباب کسی بھی شخصیت کی تشکیل کے لیے اہم ہوتے ہیں.اسی طرح شخصیات میں حصول کا محرک مختلف درجوں میں پایا جاتا ہے.

---

Q5. پیاس کا محرک بیان کریں.

**Ans 1:** ک ہارمون ہمارے DDH پیاس کا محرک زندگی کا اہم ترین محرک ہے کوئی بھی نامیات جسمانی مادوں کے توازن کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا،گردوں کے ذریعے جسم کے مائعات کو توازن میں رکھتے ہیں. ہم پانی اس لیے پیتے ہیں کہ کیونکہ ہمارے خلیوں میں مائع کی کمی ہو جاتی ہے، جس کے تحت ہمارا منہ خشک اور جنم میں خون گاڑھا ہو جاتا ہے،ایسی حالت میں ہمارے گردے زینٹن نامی اینزائمز خارج کرتے ہیں.جس سے پیاس محسوس ہوتی ہے.

---

Q6. ثانوی محرکات کے نام تحریر کریں.

**Ans 1:** ثانوی محرکات کے نام ہیں. حصول،طاقت،وابستگی ،جارحیت ،کام،کھوج،سماجی قبولیت اور تحفظ.

---

Q7. محرک کی تعریف کریں.

**Ans 1:** محرک ایک ایسا عمل ہے جو ذہنی و جسمانی عمل کو نہ صرف جاری کرتا ہے بلکہ متعین کرتا ہے اور اس میں ہماری اندرونی قوتیں مثلاً انلحیتین تحاریک اور خواہشات شامل ہوتی ہیں.محرکات شعوری اور لاشعوری دونوں سطح پر کام کرتے ہیں.

---

Q8. محرک کے نمایاں پہلو کیا ہیں؟

**Ans 1:** زندگی میں محرکات کا اثر گوناگوں ہے زندگی میں مختلف کردار نمونے محرکاتی عمل کا نتیجہ ہوتے ہیں.ہم زندگی میں تعلیم معیار زندگی ،سماجی و اقتصادی مرتبہ اور صحت کو بہتر بناتے ہیں صرف اس لیے کہ ان سب کے پیچھے محرکاتی عمل کارفرما ہوتا ہے.

---

Q9. ہم پانی کیوں پیتے ہیں؟

**Ans 1:** ہم پانی اس لیے پیتے ہیں کیونکہ ہمارے خلیوں میں مائع کی کمی ہو جاتی ہے جس کے تحت ہمارا منہ خشک اور جسم میں خون گاڑھا ہوجاتا ہے، ایسی حالت میں ہمارے گردے رہنن نالی اینزا ئمز خارج کرتے ہیں جس سے پیاس محسوس ہوتی ہے.

---

Q10. جارحیت کے محرک سے کیا مرا دہے؟

**Ans 1:** جارحیت کے محرک میں تشدد او جسمانی طاقت کے ذریعے دوسرے افراد پر غلبہ حاصل کیا جاتا ہے،حیاتیاتی اور حیوانی مطالعوں سے یہ شواہد ملتے ہیں کہ گوشت خور،سبزی خور جانداروں کی نسبت زیادہ پر تشدد اور جارح واقع ہوتے ہیں.

---